© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

● **مولانا احسان احمد رحمۃ اللہ علیہ:** حضرت مولانا محمد یٰسین مدظلہٗ (مہتمم جامعہ قاسم العلوم ملتان) کے داماد اور جامع العلوم ملتان کے ناظم مالیات بھائی احسان احمد ۷؍مئی ۲۰۱۴ء بروز بدھ ملتان میں انتقال کر گئے۔ مرحوم انتہائی صالح، ملنسار، خوش مزاج وخوش اطوار اور وضع دار انسان تھے۔ دینی حلقوں سے اُن کا بہت گہرا تعلق اور رابطہ تھا۔ بزرگوں کا بے پناہ احترام کرنے والے تھے۔ اپنی انھی خوبیوں کی وجہ سے وہ تمام حلقوں اور مدارس میں احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے۔ اُن کے خسر حضرت مولانا محمد یٰسین مدظلہٗ حضرت امیر شریعت کے خدام میں سے ہیں اور جامعہ قاسم العلوم ملتان کے مہتمم ہیں۔ مولانا احسان احمد رحمۃ اللہ علیہ انھیں روزانہ دارِ بنی ہاشم لے کر آتے اور عصر تا مغرب مستقل نشست میں حاضر رہتے۔ حضرت سید محمد وکیل شاہ صاحب مدظلہٗ اور حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم سے بہت محبت کرتے اور اُن سے روزانہ ملاقات کے لیے تشریف لاتے۔ وہ گردوں اور جگر کے عارضہ میں مبتلا ہوئے اور یہی مرض جان لیوا ثابت ہوا۔ شدید بیماری کے دوران بھی دو دفعہ اپنے بیٹوں حافظ نعمان اور سفیان کو ساتھ لے کر ان بزرگوں سے ملنے تشریف لائے۔ اُن کی نمازِ جنازہ ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ نے ابدالی مسجد میں پڑھائی۔ ملتان کے تمام دینی مدارس کے علماء اور دینی جماعتوں کے رہنماؤں اور کارکنوں کی کثیر تعداد نمازِ جنازہ میں شریک ہوئی۔ مرحوم کا تعلق جماعت اسلامی سے تھا۔ جماعت اسلامی، مجلس احرار اسلام اور جمعیت علماء اسلام کے رہنما اور کارکن بڑی تعداد میں نماز جنازہ میں شامل تھے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے اور حسنات قبول فرمائے۔

مرحوم کی بیوہ، بیٹوں، بیٹی، مولانا محمد یٰسین، قاری محمد طس، محمد شعیب حافظ محمد الیاس، بھائی عبدالشکور، بھائی عبدالغفور اور دیگر تمام پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

● ہمارے کرم فرما جناب محمد حیات سرگانہ (بستی باگڑ سرگانہ ضلع خانیوال) کے والد ماجد ۷؍مئی ۲۰۱۴ء کو انتقال کر گئے۔ حضرت مولانا خواجہ عزیز احمد (خانقاہ سراجیہ کندیاں) نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔ سید محمد کفیل بخاری نمازِ جنازہ میں شریک ہوئے۔

● مسجد احرار چناب نگر کے خادم راجہ احمد علی کے بھائی محمد علی صاحب گزشتہ ماہ رحلت فرما گئے۔

● مجلس احرار اسلام ضلع رحیم یار خان کے صدر حافظ محمد شریف کے بھتیجے اور محمد اسلم صاحب کے بیٹے فیاض حسین ۲۰؍مئی ۲۰۱۴ء کو انتقال کر گئے۔

● دفتر احرار لاہور کے کارکن شوکت علی کے بیٹے شاہران شوکت ۲۹؍اپریل بروز منگل چھنی قریشیاں چناب نگر میں طویل



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر ۱۸ سال تھی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

● **مہر بشیر احمد مرحوم:** چند روزہ علالت کے بعد ۱۶؍مئی بروز ہفتہ کو انتقال کر گئے۔ وہ علاقہ لالیاں ضلع چنیوٹ کے معروف زمیندار اور علماءِ حق کے ساتھ محبت کرنے والے تھے۔ مرحوم لالیاں کی معروف سماجی شخصیت مہر محمد شیر لالی کے بھائی مہر محمد عابد لالی اور مہر محمد بلال لالی کے والد اور علاقے کی سماجی شخصیت مہر محمد مراد کے حقیقی چچا تھے۔ مرحوم کے خاندان کے مذکورہ تمام حضرات مجلس احرارِ اسلام، مدرسہ ختمِ نبوّت چناب نگر اور مسجد احرار کے انتہائی مخلص معاون اور جماعت کے ہمدردوں میں شامل ہیں۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ میں مولانا محمد مغیرہ (خطیب مسجد احرار چناب نگر) اور مولانا محمد طیب (خطیب مدنی مسجد چنیوٹ) شریک ہوئے بعد میں انھوں نے اہل خانہ سے تعزیت بھی کی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر عطا فرمائے۔

● **رانا محمد افضل مرحوم:** مجلس احرارِ اسلام حاصل پور کے کارکن بھائی نعیم صاحب کے والد ماجد رانا محمد افضل صاحب ۱۱؍مئی ۲۰۱۴ء کو انتقال کر گئے۔ مرحوم، مجلس احرارِ اسلام کے قدیم کارکن اور ہمارے انتہائی مخلص اور صالح ساتھی تھے۔ جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابو معاویہ ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت تھے۔ نمازِ جنازہ سید محمد کفیل بخاری نے پڑھائی، مجلس احرارِ اسلام حاصل پور کے صدر حاجی ابوسفیان تائب، چشتیاں سے مولوی عطاء اللہ صاحب، شہلی غربی سے بھائی محمد مغیرہ، مولوی محمد اسمٰعیل صاحب، گڑھا موڑ سے حافظ گوہر علی اور ان علاقوں سے احرار کارکنوں نے بڑی تعداد میں نمازِ جنازہ میں شرکت کی۔

● مجلس احرار اسلام ملتان کے مخلص کارکن محمد مہربان کے ماموں گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

● بورے والا میں رانا عابد علی کے نومولود پوتے 8۔مئی کو انتقال کر گئے

● چیچہ وطنی میں ہمارے مہربان اور معروف شاعر جناب اکرام الحق سرشار کی ہمشیرہ اور فرخ نواز کی والدہ ماجدہ انتقال کر گئیں

● چیچہ وطنی جماعت کے قدیم کارکن جناب سعید احمد عارفی اور جامعہ اویسیہ تبلیغی مرکز عارف والا کے مہتمم مولانا محبوب احمد کی والدہ ماجدہ انتقال کر گئیں 20؍مئی کو نماز جنازہ تبلیغی مرکز میں ادا کی گئی، عبداللطیف خالد چیمہ، قاری محمد قاسم، حافظ حبیب اللہ رشیدی، حافظ محمد سلیم شاہ نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

● کمالیہ میں بابائے احرار بابا فرید احمد کے داماد اور محمد طیب کے چچازاد ماسٹر مشتاق احمد 3۔مئی کو انتقال فرما گئے

● دار العلوم ختم نبوت چیچہ وطنی کے سابق طالب علم حافظ محمد ارشد کے والد گرامی انتقال کر گئے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- ساہیوال میں ہمارے مہربان قاری محمد طاہر کے چچا انتقال فرما گئے
- جھنگ میں ہمارے ساتھی مولانا یسین انصاری اور تاج محمد کے والد گرامی طارق نعیم انتقال فرما گئے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)

## دعائے صحت

- جناب سردار عزیز الرحمٰن سنجرانی: مجلس احرارِ اسلام ضلع ملتان کے سابق ناظم و رکن مرکزی مجلس شوریٰ۔
- چودھری محمد اکرام (لاہور)
- اہلیہ محترمہ ملک محمد یوسف صاحب (لاہور)
- محمد بشیر چغتائی (مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق سفیر)
- احرار ختم نبوت مشن برطانیہ کے صدر جناب شیخ عبدالواحد علیل ہیں

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاءِ کاملہ عطاء فرمائے (آمین)

ماہانہ مجلس ذکر و اصلاحی بیان
26 جون 2014ء
جمعرات بعد نماز مغرب
دارِ بنی ہاشم
مہربان کالونی ملتان
ابن امیر شریعت
حضرت پیر جی
سید عطاء المہیمن بخاری
دامت برکاتہم
(امیر مجلس احرار اسلام پاکستان)
نوٹ: ہر انگریزی ماہ کی آخری جمعرات کو بعد نمازِ مغرب مجلسِ ذکر و اصلاحی بیان ہوتا ہے
الداعی سید محمد کفیل بخاری ناظم مدرسہ معمورہ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان 061-4511961

الغازی مشینری سٹور
ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن، سپیئر پارٹس
تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں
بلاک نمبر 9 کالج روڈ، ڈیرہ غازی خان 064-2462501



© rasailojaraid.com